# 9370 ـ عورت كا عورت كے ساتھ محرم كے بغير سفر كرنے كا حكم

**سوال**

كيا كوئى عورت كسى اجنبى عورت كے ليے سفر وغيره ميں محرم شمار ہوتى ہے يا نہيں؟

**پسنديده جواب**

الحمد لله.

عورت كسى دوسرى عورت كے ليے محرم نہيں ، محرم ايسا مرد ہوتا ہے جو عورت كيليے نسب كى وجہ سے حرام ہو مثلاً: عورت كا والد اور بھائى وغيره ، يا كسى مباح سبب كے محرم بن جائے، مثلاً خاوند ، سسر ، خاوند كا بيٹا ، رضاعى باپ اور رضاعى بھائى وغيره -

اور كسى بھى مرد كے ليے كسى اجنبى عورت كے ساتھ عليحدگى اختيار كرنا اور اس كے ساتھ سفر كرنا جائز نہيں ہے كيونكہ نبى صلى الله عليہ وسلم كا فرمان ہے :( كوئى بھى عورت محرم كے بغير سفر نہ كرے ) اس حديث كے صحيح ہونے پر سب كا اتفاق ہے-

اور اسى طرح رسول صلى الله عليہ وسلم كا يہ فرمان بھى ہے :( كوئى مرد بھى كسى عورت كے ساتھ تنہائى مت اختيار كرے؛ كيونكہ ان دونوں كے مابين تيسرا شيطان ہو گا) مسند احمد وغيره نے اسے ابن عمر رضى الله عنہ سے صحيح سند كے ساتھ بيان كيا ہے -

الله تعالى ہى توفيق بخشنے والا ہے -.